
شمارہ نمبر ۱۶

ستمبر / ۲۰۲۰

وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا

دوماہی مجلّہ

# الاجماع



* امام کے پیچھے قراءت کرنے کی ممانعت۔(قسط ۳)   * امام ابو منصور الماتریدیؒ (م ۳۳۳؁ھ) کی توثیق۔

* حافظ محمد بن یوسف الصالحیؒ (م ۹۴۲؁ھ) نے کئی ائمہ احناف کو ثقہ، ثبت قرار دیا ہے۔

* امام یزید بن ہارونؒ (م ۲۰۶؁ھ) کے نزدیک امام ابو حنیفہؒ (م ۱۵۰؁ھ) صدوق اور متقن ہیں۔

ناشر: الاجماع فاؤنڈیشن




# النعمان سوشل میڈیا سروسز

کی فخریہ پیشکش

## دفاع احناف لائبریری

سینکڑوں کتب کا بیش بہا ذخیرہ

ماخوذ: مجلہ الاجماع

Www.AlnomanMedia.com

AlnomanMediaServices@gmail.com

Facebook.com/AlnomanMediaServices

"دفاع احناف لائبریری" موبائل ایپلیکیشن پلے سٹور سے ڈاؤنلوڈ کریں

App link https://tinyurl.com/DifaEahnaf

حافظ محمد بن یوسف الصالحی الدمشقیؒ (م ۹۴۲ھ) نے کئی ائمہ احناف کو ثقہ، ثبت قرار دیا ہے۔

## - مولانا نذیر الدین قاسمی

ثقہ، امام، حافظ محمد بن یوسف الصالحیؒ (م ۹۴۲ھ) فرماتے ہیں کہ

**ولم یورد ھذہ الاخلوقات احد من ائمۃ الحدیث ممن صنف فی مناقب الامام ابی حنیفۃ کالامام ابی جعفر الطحاوی و القاضی ابی القاسم بن ابی العوام و ابی القاسم بن کاس و القاضی ابی عبداللہ الصیمری و الشیخ محی الدین القرشی صاحب الطبقات وغیرہ و کلھم حنفیون ثقات اثبات نقاد لھم اطلاع کبیر۔**

ائمہ حدیث میں سے جن حضرات نے امام ابو حنیفہؒ کے مناقب میں کتاب تصنیف کی ہے، مثلاً امام ابو جعفر الطحاویؒ (م ۳۲۱ھ)، قاضی ابو القاسم بن بی العوامؒ (م ۳۳۵ھ)، امام ابو القاسم ابن کاسؒ (م ۳۲۴ھ)، قاضی ابو عبد اللہ **الصیمری**ؒ (م ۴۳۶ھ)، حافظ محی الدین عبد القادر القرشیؒ (م ۷۷۵ھ)، وغیرہ جب کہ یہ تمام ائمہ حدیث اور **مصنفات کتب المناقب ابی حنیفۃ** ثقہ ہیں، ثبت ہیں، نقاد ہیں اور ان کی بڑی معلومات ہیں۔ ان حضرات میں کوئی ایک نے بھی اس طرح کی منکر روایات نہیں ذکر کی۔ **(عقود الجمان: ص ۶۹)**

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ ثقہ، امام محمد بن یوسف الصالحیؒ (م ۹۴۲ھ) کے نزدیک

- امام ابو جعفر الطحاویؒ (م ۳۲۱ھ)،
- قاضی ابو القاسم بن بی العوامؒ (م ۳۳۵ھ)،
- امام ابو القاسم ابن کاسؒ (م ۳۲۴ھ)،
- قاضی ابو عبد اللہ **الصیمری**ؒ (م ۴۳۶ھ)،
- حافظ محی الدین عبد القادر القرشیؒ (م ۷۷۵ھ) وغیرہ ائمہ ثقہ، ثبت، ناقد اور ائمہ حدیث میں سے ہیں۔ والحمد للہ

## ایک وضاحت :

ان ائمہ کے اسماء ذکر کرنے کے بعد، ثقہ، امام حافظ صالحیؒ (م ۹۴۲؁ھ) نے کہا کہ "**وغیرہ وکلھم حنفیون ثقات اثبات نقاد لھم اطلاع کبیر**" ۔

یعنی حافظ صالحیؒ (م ۹۴۲؁ھ) کے نزدیک ان ائمہ کے علاوہ اور بھی ثقہ، ثبت، نقاد ہیں جو کہ ائمہ حدیث میں ہیں، حنفی بھی ہیں اور جنہوں نے امام صاحب کے مناقب میں کتاب لکھی۔ اور انہوں نے باوجود وسیع معلومات کے، اس طرح کی منکر روایات مثلاً **ھو سراج امتی** وغیرہ اپنے مناقب کی کتاب میں نقل نہیں کی۔

ہم کہتے ہیں کہ حافظ صالحیؒ (م ۹۴۲؁ھ) کے الفاظ "**وغیرہ وکلھم حنفیون ثقات اثبات نقاد لھم اطلاع کبیر**" میں امام، حافظ، عبد اللہ بن محمد بن یعقوب، ابو محمد الحارثیؒ (م ۳۴۰؁ھ) بھی شامل ہیں۔ کیونکہ

- حافظ حارثیؒ (م ۳۴۰؁ھ)، حافظ الحدیث ہیں۔ جیسا کہ خود امام صالحیؒ (م ۹۴۲؁ھ) نے کہا۔ **(عقود الجمان: ص ۱۱۷)**
- حنفی بھی ہیں۔ **(مجلہ الاجماع: ش ۲: ص ۱۰۹)**
- انہوں نے مسند ابی حنیفۃ کے علاوہ امام صاحب کے مناقب میں کتاب "**کشف الاثار الشریفة**" بھی لکھی۔ **(الجواھر والدرر: ج ۳: ص ۱۲۵۵)**
- اور انہوں نے اپنے کتاب "**کشف الاثار الشریفة**" میں اس طرح کی منکر روایات نقل نہیں کی۔ دیکھئے **کشف الاثار الشریفة مخطوطة، مکتبة معھد البیروني للدراسات الشرقیه، طاشقند، رقم الحفظ: ۳۱۰۵**۔

اور حافظ صالحیؒ (م ۹۴۲؁ھ) کو حافظ حارثیؒ (م ۳۴۰؁ھ) کی کتاب "**کشف الاثار الشریفة**" کا علم تھا اور انہوں نے اس کتاب سے روایات بھی نقل کی ہے۔ **(عقود الجمان: ص ۱۸۵، ۱۷۳، ۱۶۲، ۱۱۷، ۸۶)**،

لہذا دیگر ائمہ کے ساتھ ساتھ، حافظ حارثیؒ (م ۳۴۰؁ھ) بھی امام صالحیؒ (م ۹۴۲؁ھ) کے نزدیک ثقہ، ثبت، ناقد اور ائمہ حدیث میں سے ہیں۔ واللہ اعلم


شمارہ نمبر ۱۵

وَقُلۡ جَآءَ الۡحَقُّ وَزَهَقَ الۡبَاطِلُ ؕ إِنَّ الۡبَاطِلَ كَانَ زَهُوۡقًا

مئی / ۲۰۲۰

دوماہی مجلّہ

# الاجماع

- امام کے پیچھے قراءت کرنے کی ممانعت۔ (قسط ۲) [رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام مبارک سے]

- معافی بن عمران الموصلیؒ (م ۱۸۶ھ)، کے نزدیک امام ابو حنیفہؒ (م ۱۵۰ھ) صدوق ہیں۔
- "قلائد عقود الدرر والعقیان فی مناقب الإمام أبی حنیفة النعمان" کی ایک عبارت اور ائمہ احناف کی توثیق۔

ناشر: الاجماع فاؤنڈیشن


## ”قلائد عقود الدرر و العقیان فی مناقب الإمام أبی حنیفة النعمان“


### کی ایک عبارت اور ائمہ احناف کی توثیق

**مولانا نذیر الدین صاحب قاسمی -**

ثقہ، ثبت، حافظ الحدیث امام ابو حنیفہؒ (م ۱۵۰ھ) کے مناقب و فضائل میں ائمہ کی ایک بڑی جماعت نے کتابیں تحریر فرمائی ہیں، ان ہی میں ”**قلائد عقود الدرر و العقیان فی مناقب الإمام أبی حنیفة النعمان**“ بھی ہے، جس کے مصنف شیخ امام ابو القاسم شرف الدین بن عبد العلیم قربتی یمنیؒ (م بعد ۷۴۹ھ) ہیں۔ (**کشف الظنون: ج ۲: ص ۱۸۳۸،**)

”**قلائد عقود الدرر و العقیان فی مناقب الإمام أبی حنیفة النعمان**“ معتمد ذرائع کے مطابق طبع نہیں ہوئی، اس کا ایک مخطوطہ [رقم ۱۸۰ / ۹۰۰] مکتبہ عارف حکمت مدینہ منورہ میں ہے، جس کی نقل جامعہ ام القراء میں موجود ہے۔




من كتب التواريخ

٢

كما وصفهم في كتابه المبين فقال إنما يخشى الله من عباده العلماء ثم أكرمهم
بالتبجيل في مواضع من التنزيل وجعلهم لبيان نبيه صلى الله عليه وسلم كأنبياء
أهل التوراة والإنجيل فقال عليه السلام علماء أمتي كأنبياء بني إسرائيل وكان
أسبقهم اجتهادا وأكملهم عقلا وأثبتهم رشادا وأقومهم طريقة وسدادا
إمام الأئمة أبو حنيفة النعمان بن ثابت الذي أماط عن وجه الشريعة لثام
الإبهام وكشف عن جبين الفقه غمام الظلام وقدم خلوق علماء عصره بإقدام
الأفهام وأرسى قدمه في مزالق الأقدام وبذل جهده في أحكام الأحكام فكل
من جاء بعده فهم يغوصون في عمان النعمان ويستخرجون منه بدر فوائده و
يترصعون درر فرائده ويستجلون أبكار أفكاره ويستضيئون بمصابيح
أنواره ويتناولون أشهى أغذية الرقائق من موائده ويشرعون في مشارع
شرائع موارده فمن استقطفه واستقطره فقد تناول حلالا وشرب عذبا
زلالا وجعل الناس في الفقه عيالا كأبي عبد الله محمد بن إدريس الشافعي
رحمه الله تعالى ومن طعن فيه أو انتقصه فقد خسر خسرانا مبينا وسيصلى
غدا بإمهينا يلقى وبالا ونكالا وأقول كما قال أبو الطيب وإذا أتتك مذمتي
من ناقص فهي الشهادة لي بأني كامل ولقد كان رحمه الله من أعظم الناس منة
على هذه الأمة فمن أراد معرفة ذلك وتحقيق ما هنالك فليتلقف ذلك من
الآثار والأخبار الواردة في فضائله برواية العلماء الثقات الأخيار المبشرة
بظهوره الدالة على كمال نوره وليتأمل بعين عقله وعين قلبه فينظر إلى ما
استنبطه من الأحكام ودونه في علم الشريعة من بيان الحلال والحرام وإلى
تخريجه وتنويعه وتأصيله وتفريعه وإلى وضعه للمسائل والجواب عنها قبل حدوثها
ووقوعها وتقويتها بالدلائل قبل نزولها وطلوعها فحينئذ يعرف من وقف
على ذلك أن الذي أعطيه هذا الإمام إنما هو نور رباني وسر رحماني وتوفيق
من الله تعالى وتأييد وعون من الهادي المعين وتسديد ولقد كنت في أيام الطلب


وساد عنه الأئمة

مشغوفا بالوقوف على مؤلف في مناقب الامام ابي حنيفة وكنت اطلب ذلك فلم
أجد في وقتي ذلك كتابا جامعا لمناقبه وفضائله ولما وقفت على عدة كتب
مصنفة في مناقب غيره من الائمة ازداد شغفي وولعي وحنى وطلبي فلم
اجد وظننت انه ليس احد من اهل مذهبه ولا من تلامذته الف كتابا
مفردا في مناقبه فتتبعت ما عثرت عليه من ذكر بعض اوصافه في كتب التواريخ
واوائل الشروح وديباجات الكتب وفي غضون بطون الدفاتر وعيون
المسائل عند ذكر الحجج والدلائل فالتقطت ذلك وجمعته وكتبته والفته
ورتبته وهذبته وبوبته وفصلته فجاء بحمد الله تعالى كتابا وافيا ولمن
اراد الوقوف على مناقبه كافيا شافيا وسميته قلائد عقود الدرر والعقيان
في مناقب الامام ابي حنيفة النعمان ثم بعد ذلك من الله تعالى علي بحصول
مصنف لطيف في فضائله ومناقبه وشمائله من تصنيف الشيخ الامام ابي عبد الله
الحسين بن علي بن محمد الصيمري رحمه الله وحصل لي من فضل الله تعالى كتاب
الجواهر المضية في طبقات الحنفية فاطلعت فيها على عدة اسما جماعة ممن
صنف في مناقبه وعلى عدة اسماء كتب مستقلة صنفت في مناقبه لجماعة من
كبار العلماء المتقدمين منهم الامام الحافظ ابو جعفر الطحاوي رحمه الله تعالى
قال في طبقات الحنفية في ترجمة ابي جعفر الطحاوي وله مجلد في مناقب ابي حنيفة
رحمه الله تعالى ومنهم الامام محمد بن احمد بن شعيب المعروف بالشعبي صنف
في مناقبه كتابا بلغ عشرين جزءا ذكره الحاكم في تاريخه ومنهم الامام موفق بن
احمد المكي الخوارزمي صنف كتابا في مناقبه ورتبه على اربعين بابا ومنهم
القاضي ابو عبد الله الحسين بن علي الصيمري صنف كتاب المناقب والشمائل
والفضائل وهو الذي حصل لي واكثر عزوي اليه ومنهم الامام محي الدين عبد
القادر بن ابي الوفا القرشي صاحب الطبقات صنف في مناقبه كتابا سماه
شقائق النعمان في مناقب الامام النعمان ومنهم الشيخ الامام ابو المظفر يوسف بن

عبد الله

مطلب تسمية الكتاب

عبد الله بن فيروز سبط ابن الجوزي صنف كتابا في ترجيح مذهبه على غيره من
المذاهب ذكر فيه ان من قلّده دون غيره كان احوط له واحفظ لدينه وذكر فيه الرد
على من خالفه او ينتقصه وهو كتاب جليل مفيد يشتمل على نيف وثلثين بابا ليس
نظير في فنه وصنف ايضا كتاب الانتصار لامام ائمة الامصار في مجلدين كبيرين
ذكر ذلك ابن وهبان في اول شرح منظومته ومنهم الامام الكبير عبد الله بن محمد
بن يعقوب الحارثي صنف كتابا سماه كشف الآثار في مناقبه رضي الله عنه ولما
املاه كان يستملي عليه اربعمائة مستملي وحضر هؤلاء خلق لا يحصون فلما اطلعت
على ذلك اطمانت نفسي وطاب خاطري وانشرح صدري وقوي اعتقادي
ورسخ حبه في فؤادي واما الذين ذكروه في اوائل كتبهم او اواخرها فجمع عظيم
ومنهم الامام ابو الحسين القدوري ذكر بعضا من مناقبه في اول شرحه لمختصر
ابي الحسن الكرخي رحمهما الله تعالى ومنهم الامام محمد بن عبد الرحمن الغزنوي تلميذ
الامام السغناقي صاحب النهاية ذكر طرفا من مناقبه في كتابه جامع الانوار
في الحديث ومنهم الامام احمد بن سليمان بن سعيد ذكر بعضا من مناقبه في اخر
كتابه الدرر ومنهم الامام شمس الدين يوسف بن عمر بن يوسف الصوفي
الكادوري صاحب جامع المضمرات والمشكلات ذكر شيئا من مناقبه في اول كتابه
ومنهم الامام ابو عمر بن عبد البر ذكر بعضا من مناقبه في كتابه الانتقاء ومنهم
الامام شمس الدين يوسف بن ابي سعيد بن احمد السجستاني ذكر نبذة من مناقبه
في كتابه منية المفتي ومنهم الامام شرف الدين اسماعيل بن عيسى الاوغاني
المكي ذكر نبذة من مناقبه في كتابه مختصر المسند ومنهم الامام ابو البقاء ابن ابي
الضياء القرشي العدوي المكي ذكر مثل ذلك في كتابه مختصر المسند ومنهم
الامام ابو عبد الله محمد بن خسرو البلخي ذكر شيئا من ذلك في اول كتابه المسند
ومنهم صاحب كتاب سفينة العلوم ومنهم الامام ابو جعفر احمد بن عبد الله بن
القسم السرماري الشيرازي عقد له بابا في مصنفه في ترجيح مذهب ابي حنيفة



المملكة العربية السعودية
جامعة أم القرى
كلية الشريعة والدراسات الإسلامية
مركز البحث العلمي وإحياء التراث الإسلامي

اسم المخطوط : قلائد عقود الدرر والعقيان في مناقب الإمام أبي حنيفة
اسم المؤلف : الشيخ أبي القاسم بن عبد العليم بن إقبال القرشي
الفن : تاريخ
عدد الأوراق : ٢١٢
تاريخ التصوير : ١٦/٦/١٤٠٤هـ ١٧
رقم التسجيل : ٩٠٠/١٨٠ مكتبة عارف حكمة بالمدينة المنورة

النهاية

یہی صدوق [16]، مورخ، امام ابو القاسم شرف الدین بن عبد العلیم القربتی **الیمنـــی**ؒ **(م بعد ۹۷۴ھ)** اپنی کتاب "**قلائد عقود الدرر والعقیان فی مناقب الإمام أبی حنیفة النعمان**" کے مقدمہ میں تحریر کرتے ہیں:

"**ولقد کان رحمہ اللہ من أعظم الناس منة علی ھذہ الأمة، فمن أراد معرفة ذلک وتحقیق ما ھنالک فلیتلقف ذلک من الآثار والأخبار الواردة فی فضائلہ بروایة العلماء الثقات الأخبار المبشرة بظھورہ، الدالة علی کمال تنویرہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**ولقد کنت فی أیام الطلب مشغوفا بالوقوف علی مؤلف فی مناقب الإمام أبی حنیفة، وکنت أطلب ذلک فلم أجد فی وقتی ذلک کتاباً جامعاً لمناقبہ وفضائلہ، ولما وقفت علی عدة کتب مصنفة فی مناقب غیرہ من الأئمة ازداد شغفی وولعی وبحثی وطلبی فلم أجد، وظننت أنہ لیس أحد من أھل مذھبہ ولا من تلامذتہ ألف کتاباً مفرداً**

---

[16] علماء نے ان کو شیخ، امام وغیرہ قرار دیا ہے۔ (**کشف الظنون: ج۲: ص۱۸۳۸**) اور یہ ان کے صدوق ہونے کے لئے کافی ہے۔ (**اضواء المصابیح: ص۲۵۱، مجلہ الاجماع: ش۱۴: ص۵۷**)

فی مناقبه فتتبعت ماعثرت عليه من ذكر بعض أوصافه فی كتب التواريخ وأوائل الشروح وديباجات الكتب وفی غضون بطون الدفاتر وعيون المسائل عند ذكر الحجج والدلائل فالتقطت ذلک وجمعته وكتبته وألفته وجانسته وهذبته وبوبته وفصلته فجاء بحمد الله تعالیٰ كتاباً وافياً ولمن أراد الوقوف علی مناقبه كافياً شافياً، وسميته قلائد عقود الدرر والعقيان فی مناقب الإمام أبی حنيفة النعمان، ثم بعد ذلک من الله تعالیٰ علي بحصول مصنف لطيف فی فضائله ومناقبه وشمائله من تصنيف الشيخ الإمام أبی عبد الله الحسين بن علي بن محمد الصيمري رحمه الله وحصل لی من فضل الله تعالیٰ كتاب الجواهر المضيئة فی طبقات الحنفية، فاطلعت فيها علی عدة أسماء الجماعة ممن صنف فی مناقبه وعلی عدة أسماء كتب مستقلة صنفت فی مناقبه لجماعة من نحارير العلماء المتقدمين، منهم الإمام الحافظ أبو جعفر الطحاوي رحمه الله تعالیٰ قال فی طبقات الحنفية فی ترجمة أبی جعفر الطحاوي وله مجلد فی مناقب أبی حنيفة رحمه الله تعالیٰ، ومنهم الإمام محمد بن أحمد بن شعيب المعروف بالشعيبی صنف فی مناقبه كتاباً أبلغ عشرين جزءاً ذكره الحاكم فی تاريخه، ومنهم الإمام موفق بن أحمد المكي الخوارزمي صنف كتاباً فی مناقبه ورتبه علی أربعين باباً، ومنهم القاضی أبو عبد الله الحسين بن علي الصيمري صنف كتاب المناقب والشمائل والفضائل وهو الذی حصل لی وأكثر عزوی إليه، ومنهم الإمام محي الدين عبد القادر بن أبی الوفاء القرشي صاحب الطبقات صنف فی مناقبه كتاباً أسماه شقائق النعمان فی مناقب الإمام النعمان، ومنهم الشيخ الإمام أبو المظفر يوسف بن عبد الله بن فيروز سبط بن الجوزي صنف كتابا فی ترجيح مذهبه علی غيره من المذاهب ذكر فيه أن من قلده دون غيره كان أحوط له وأحفظ لدينه وذكر فيه الرد علیٰ من يخالفه أو ينتقصه وهو كتاب جليل مفيد يشتمل علی نيف وثلثين باباً ليس له نظير فی فنه وصنف أيضاً كتاب الإنتصار لإمام أئمة الأمصار فی مجلدين كبيرين ذكر ذلک ابن وهبان فی أول شرح منظومته، ومنهم الإمام الكبير عبد الله بن محمد بن يعقوب الحارثي صنف كتابا سماه كشف الآثار فی مناقبه رضي الله عنه، ولما أملاه كان يستملی عليه أربعماية مستملی وغير هؤلاء خلق لا يحصون فلما اطلعت علی ذلک اطمأنت نفسی وطاب خاطری وانشرح صدری، وقویٰ اعتقادی، ورسخ حبه فی فوادی۔"

" آپ (امام ابو حنیفہ) رحمۃ اللہ علیہ ان لوگوں میں سے ہیں جن کا اس امت پر بڑا احسان ہے، جو اسے جاننا اور جانچنا چاہے، اسے آپ کے فضائل کے بارے میں آئے ہوئے ان آثار اور احادیث کو حاصل کرنا چاہیے، جو آپ کے ظہور کی بشارتیں سناتے ہیں، اور آپ کی کمال نورانیت پر دلالت کرتے ہیں، جنہیں علماء ثقات نے روایت کیا ہے۔

پھر مصنفؒ ان "علماء ثقات" کی کتابوں کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

مجھے ایسے بہت سے لوگوں کے نام پتہ چلے، جنہوں نے آپ کے مناقب میں کتابیں تصنیف کی تھی، نیز کئی ایسی کتابوں کے نام معلوم ہوئے جنہیں ماہر متقدمین علماء نے مستقل طور پر آپؒ کے مناقب میں تصنیف فرمایا تھا، جن میں سے امام حافظ ابو جعفر طحاویؒ، طبقات حنفیہ میں امام ابو جعفر طحاویؒ کے حالات میں لکھتے ہیں: ” امام ابو حنیفہؒ کے مناقب میں (بھی) آپ کی ایک جلد (میں کتاب) ہے“۔

انہی (ثقات اور ماہر متقدمین علماء) میں سے امام محمد بن احمد بن شعیب معروف **الشعیبی** بھی ہیں، انہوں نے آپؒ کے مناقب میں ایسی کتاب تصنیف فرمائی جو بیس جزء تک پہنچ گئی، امام حاکمؒ نے اپنی تاریخ میں اس کا تذکرہ کیا ہے۔

انہی میں سے امام موفق بن احمد مکی خوارزمیؒ بھی ہیں، انہوں نے بھی آپؒ کے مناقب میں کتاب تصنیف کی ہے، اور اسے چالیس ابواب پر مرتب کیا ہے۔

ان (ثقات اور ماہر متقدمین علماء) میں سے قاضی ابو عبد اللہ حسین بن علی **صیمری** رحمہ اللہ بھی ہیں، انہوں نے (آپؒ کے) مناقب، شمائل و فضائل پر کتاب تصنیف کی، یہی کتاب مجھے ملی تھی اور میں نے اکثر جگہ اسی کا حوالہ دیا ہے۔

انہی میں سے امام **محي الدين** عبد القادر بن ابی الوفاء قرشیؒ، صاحب (کتاب) الطبقات بھی ہیں، انہوں نے بھی آپ کے مناقب میں کتاب لکھی ہے، جس کا نام ”**شقائق النعمان فی مناقب الامام النعمان**“ رکھا ہے۔

انہی میں سے امام ابو المظفر یوسف بن عبد اللہ بن فیروز سبط ابن الجوزی بھی ہیں، انہوں نے دوسرے مذاھب پر امام ابو حنیفہؒ کے مذہب کی ترجیح پر کتاب لکھی ہے، اس میں یہ ذکر کیا ہے کہ جو شخص امام ابو حنیفہؒ کی تقلید کرتا ہے، نہ کہ دوسرے علماء کی، (تو اس میں) اس کے لئے زیادہ احتیاط اور اس کے دین کی زیادہ حفاظت ہے، نیز اس میں ان لوگوں پر رد بھی ذکر کیا ہے جو آپؒ کی مخالفت اور تنقیص کرتے ہیں، یہ جلیل القدر اور مفید کتاب ہے جو تیس سے زیادہ ابواب پر مشتمل ہے، اور اپنے فن میں بے نظیر ہے، اسی طرح آپ نے ”**الانتصار لامام ائمه الأمصار**“ نامی کتاب دو بڑی جلدوں میں تصنیف کی ہے، ابن وہبانؒ نے اپنے منظومہ کی شرح کے شروع میں اس کا تذکرہ کیا ہے۔

انہی (ثقات اور ماہر متقدمین علماء) میں سے امام کبیر عبد اللہ بن محمد بن یعقوب حارثی بھی ہیں، آپ نے امام ابو حنیفہؒ کے مناقب میں ایک کتاب تصنیف کی اور اس کا نام "کشف الآثار" رکھا ہے، جب آپ نے یہ (کتاب) املاء کروائی، تو چار سو لوگ املاء کروارہے تھے، اور ان کے علاوہ اتنی بڑی تعداد تھی کہ ان کا کوئی حساب وشمار نہیں، جب میں اس پر مطلع ہوا تو میرے نفس کو اطمینان، میرے دل کو خوشی، اور میرے سینے کو انشراح ہوا، میرا اعتقاد مضبوط ہوا اور آپ کی محبت میرے سویدائے قلب میں پیوست ہوگئی۔ (**مخطوطہ قلائد عقود الدرر والعقیان فی مناقب الإمام أبی حنیفة النعمان: فولیو نمبر ۲-۳، رقم ۱۶۴/۹۰۰، مکتبة عارف حکمة بالمدینة المنورة**)

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ صدوق، مورخ، امام شرف الدین بن عبد العلیم القرشی **الیمنی**ؒ (م بعد ۹۷۴ھ) کے نزدیک:

- امام ابو جعفر الطحاویؒ (م ۳۲۱ھ)
- امام کبیر ابو محمد الحارثیؒ (م ۳۴۰ھ)،
- امام محمد بن احمد بن شعیب **الشعیبی**ؒ (م ۳۵۷ھ)،
- امام ابو عبد اللہ الصیمریؒ (م ۴۳۶ھ)،
- خطیب خوارزم، امام ابو المؤید، احمد بن الموفق المکیؒ (م ۵۶۸ھ)،
- امام ابو المظفر، یوسف بن عبد اللہ المعروف سبط ابن الجوزیؒ (م ۶۵۴ھ)،
- امام محی الدین عبد القادر القرشیؒ (م ۷۷۵ھ) وغیرہ ائمہ ثقات میں سے ہیں۔ واللہ اعلم